# اثبات

کتابی سلسلہ

33

## خصوصی پیش کش

نوبل انعام یافتہ ادیب عبدالرزاق گرناہ کا ناول

## یادِ مفارقت

میلان کنڈیرا کے سات افسانے

## مضحکہ خیز محبتیں

مدیر: اشعر نجمی

# اثبات

کتابی سلسلہ

33

مدیر

اشعر نجمی

ESBAAT
PUBLICATIONS
*more than just books*

© Esbaat Publications

**Esbaat-33**
Editor: Ashar Najmi
Esbaat Publications, Thane, India
1st Edition (India) : December 2021
Printer: Sangam Prints, Sakinaka, Mumbai
ISBN: 978-93-91037-22-2

**Rs. 650/-**

اس کتاب کا کوئی بھی حصہ مصنف یا ناشر کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی بھی وضع یا جلد میں کلّی یا جزوی، منتخب یا مکرر اشاعت یا بہ صورت فوٹو کاپی، ریکارڈنگ، الیکٹرانک، میکینیکل یا ویب سائٹ پر اَپ لوڈنگ کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔ نیز اس کتاب پر کسی بھی قسم کے تنازعہ کو نمٹانے کا اختیار صرف ممبئی کی عدلیہ کو ہوگا۔

کتاب: اثبات: ۳۳
مدیر: اشعر نجمی
اشاعت اول: دسمبر ۲۰۲۱

سرورق: رشید احمد (پرنٹ میڈیا، مئو)
خطاط: منور کاتب
سوشل میڈیا ایگزیکیٹو: رضوان الدین فاروقی

ESBAAT
PUBLICATIONS
*more than just books*

B-202, Universe Darshan, Pooja Nagar Road, Naya Nagar,
Mira Road (East), Dist. Thane - 401107, Maharashtra, India
Contact: +91 8169002417 Email: asharnajmi2020@gmail.com
www.asharnajmi.com

## فہرست


### اداریہ

| | | |
|---|---|---|
| نادیدہ قاری کے نام دوسرا خط | اشعر نجمی | 8 |

### خاص پیشکش-1

| | | |
|---|---|---|
| یادِ مفارقت (مکمل ناول) | عبدالرزاق گرناہ<br>ترجمہ: سعید نقوی | 15 |

### غزلیں

| | | |
|---|---|---|
| | | 169 |
| آٹھ غزلیں | عتیق اللہ | 171 |
| چھ غزلیں | قمر رضا شہزاد | 175 |
| آٹھ غزلیں | احمد جہانگیر | 178 |
| چار غزلیں | عزیز نبیل | 182 |
| چار غزلیں | عمار اقبال | 184 |
| چار غزلیں | عمر فرحت | 186 |

### مضامین

| | | |
|---|---|---|
| | | 189 |
| اردو زبان: روایات اور لسانی استعماریت | طارق محمود ہاشمی | 191 |

| | | |
|---|---|---|
| تنقید اور تخلیق کی کتھا | نجیبہ عارف | 204 |
| کہانی پن کی واپسی: متھ یا حقیقت | شافع قدوائی | 216 |
| کافکا کا تعبیری تنوع اور عالمی فکشن | سفیر حیدر | 227 |

## خاص پیشکش-2

| | | |
|---|---|---|
| | مضحکہ خیز محبتیں (سات افسانے) | 245 |
| لامتناہی خواہشوں کا سنہرا سیب | میلان کنڈیرا / سعید نقوی | 247 |
| پرانے مُردوں کو نئے مُردوں کے لیے... | میلان کنڈیرا / سعید نقوی | 265 |
| لفٹ مانگنے کا کھیل | میلان کنڈیرا / سعید نقوی | 283 |
| سمپوزیم | میلان کنڈیرا / سعید نقوی | 301 |
| ایڈورڈ اور خدا | میلان کنڈیرا / سعید نقوی | 332 |
| ڈاکٹر ہیوبل بیس سال بعد | میلان کنڈیرا / سعید نقوی | 362 |
| کوئی نہیں ہنسے گا | میلان کنڈیرا / سعید نقوی | 389 |

## نظمیں

| | | |
|---|---|---|
| | | 417 |
| چاک چلنے لگتا ہے | احمد نصیب خاں | 420 |
| ایک دانت کا ہاتھی | احمد نصیب خاں | 422 |
| روٹیاں خمیری ہیں | احمد نصیب خاں | 423 |
| دھاردار راہوں پر | احمد نصیب خاں | 425 |
| استخواں سے کچھوؤں کی | احمد نصیب خاں | 427 |
| لوگ ایڑی رگڑیں گے | احمد نصیب خاں | 428 |
| سینے سوکھ جائیں گے | احمد نصیب خاں | 430 |
| سوچتا ہوں کیا کیا | خورشید اکرم | 431 |
| دائرہ کار میں تبدیلی | علی زیوف | 435 |
| مشت خاکستر | علی زیوف | 435 |
| پھیکا پن | علی زیوف | 436 |

| | | |
|---|---|---|
| خودکشی | علی زیوف | 436 |
| گھنٹی | علی زیوف | 437 |
| **دو افسانے** | | 439 |
| درخت | سعید نقوی | 441 |
| سحر ہونے تک | سعید نقوی | 450 |
| **قندِ مکرر** | **خالد جاوید کی نظمیں** | 459 |
| ڈراکیولا کی تلاش میں | خالد جاوید | 461 |
| بلیک ہول | خالد جاوید | 462 |
| ہاری ہوئی بازی | خالد جاوید | 463 |
| لوگ تم پر ہنسیں گے تو پھر کیا | خالد جاوید | 463 |
| مردانہ سنجیدگی | خالد جاوید | 464 |
| نظم | خالد جاوید | 465 |
| باقی اب کچھ نہیں بچا ہے | خالد جاوید | 466 |
| تلاش | خالد جاوید | 467 |
| جنازہ | خالد جاوید | 468 |
| **انٹرویو** | | 469 |
| 'فن پارہ معاشرے کے لیے اہم نہیں ہوتا' | ولادیمیر نوباکوف/سجاد بلوچ | 471 |
| 'میں لکھتا ہی اِس لیے ہوں کہ دریافت کرسکوں' | ہاروکی موراکامی/نجم الدین احمد | 479 |
| **فرانز کافکا کی تمثیلات** | | 507 |
| نیا افسانہ: علامت، تمثیل اور کہانی کا جوہر | گوپی چند نارنگ | 509 |

| | | |
|---|---|---|
| ناخوشی | فرانز کافکا/مقبول ملک | 515 |
| ایک دغاباز کی بے نقابی | فرانز کافکا/مقبول ملک | 520 |
| قریب سے گزرنے والے | فرانز کافکا/مقبول ملک | 522 |
| ایک پرانا صفحہ | فرانز کافکا/مقبول ملک | 523 |
| بھائی کا قتل | فرانز کافکا/مقبول ملک | 526 |
| قانون کے آگے | فرانز کافکا/مقبول ملک | 528 |
| گدھ | فرانز کافکا/مقبول ملک | 531 |
| دیہی سڑک پر بچے | فرانز کافکا/مقبول ملک | 532 |
| گیلری میں | فرانز کافکا/مقبول ملک | 536 |
| ایک خواب | فرانز کافکا/مقبول ملک | 538 |

شمارہ:32

| | | |
|---|---|---|
| **تاثرات** | | 541 |
| صحافت بغیر تخلیقی جنون کے کسی کام کی نہیں ہوتی | خالد جاوید | 543 |
| An Assortment of Insightful | شافع قدوائی | 545 |
| سونے کا سکہ | خورشید اکرم | 546 |
| فکشن نگار بڑے ہیں یا مدیر؟ | مالک اشتر | 548 |
| اجنبیانے کا عمل | سفینہ بیگم | 552 |
| کتاب کہتی ہے مجھے پڑھو | وسیم احمد فدا | 554 |
| باریک چھلنی | رضوان الدین فاروقی | 554 |


---

[نوٹ: زیر نظر شمارے میں بین الاقوامی ادب سے ماخوذ اقتباسات کے مترجم شمس الرحمٰن فاروقی ہیں۔]



# اداریہ

# نادیدہ قاری کے نام دوسرا خط

## اشعر نجمی

تمھارا خط ملا، شکریہ۔

خوشی ہوئی کہ تم نے مجھ سے بعض جگہ اختلاف کیا اور مجھ سے پوچھا ہے کہ ایک ادیب کا 'سچ' کیا ہوتا ہے؟ تمھارے نزدیک حقیقت پسند ادیب تحقیق پر امر واقعہ کو ترجیح دیتا ہے اور یہ کہ وہ زندگی کو رنگین شیشوں میں سے دیکھنے کی بجائے اپنی ننگی آنکھوں سے دیکھتا ہے اور اس کی کوشش ہوتی ہے کہ اسے جوں کا توں پیش کرے۔ وغیرہ۔

اگرچہ ادیبوں سے یہ مطالبہ ہمارے ہاں کافی پرانا ہو چکا ہے لیکن میں دیکھتا ہوں کہ نئی نسل میں سے اکثر کم صلاحیت ادیب، بطور خاص میڈیوکر ادیب اس کی گردان مختلف پیرائے میں کرتے رہتے ہیں۔ صرف ادیب ہی نہیں بلکہ ہمارے بیشتر پروفیسر نقاد جن کا شمار ترقی پسندوں کے باقیات الصالحات میں ہوتا ہے اور ان کے ساتھ قارئین کا وہ حلقہ جن کی پرورش و پرداخت انھیں کی گود میں ہوئی ہے، وہ بھی کمال معصومیت سے اسے دہراتے رہتے ہیں۔

تم جانتے ہو، میرا ذریعۂ معاش کبھی ٹی وی سیریل رائٹنگ ہوا کرتا تھا۔ انھی دنوں مجھے 'سہارا ٹی وی' پر ایک پروجیکٹ لکھنے کو ملا؛ 'حقیقت'۔ یہ شو Human Rights Stories پر مشتمل تھا۔ ہمیں کسی اخبار کا تراشا دے دیا جاتا تھا جس میں Human Rights violation کی کوئی رپورٹنگ چھپی ہوتی تھی یا زیادہ سے زیادہ ایسے مقدمات کے کچھ دیگر دستیاب تفصیلات مہیا کر دی جاتی تھیں۔ ہم رائٹروں سے ٹی وی چینل کا مطالبہ ہوا کرتا تھا کہ ہم اسے Docu-Fiction بنا دیں۔ 'ڈاکیو'، ڈاکیومنٹری کا مخفف ہے، یعنی ہمیں ڈاکیومنٹری اور فکشن یعنی